آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **بصارت غل** سے خبریں سُنئے

03/06/2025 09.20 AM(5 min)

لیفٹنٹ گورنر

وزیر اعظم نریندر مودی چھ جون کو کٹرہ میں دنیا کے سب سے اونچے ریلوے پُل کا افتتاح کرنے کے علاوہ کشمیر وادی کے لئے وندھے بھارت ٹرین کو ہری جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے ۔
دورہ

---

وزیر اعظم سے قبل لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ۃ جموں کشمیر کے عوام سے کہا کہ وہ وزیر اعظم کے ہاتھوں شروع کئے جانے والے اس تاریخی پروجیکٹ کے افتتاح کو یاد گار بنائیں ۔ ادھمپور سرینگر بارہمولہ ایک اہم ریل پروجیکٹ ہے جو کشمیر کو کنیا کماری سے ملانے والا ہے ۔ سطح سمندر سے 359 میٹر اونچا محرابی شکل کا یہ ریلوے پُل انجینئرنگ کا ایک شاہکار مانا جا رہا ہے جو بھارت کے 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے سمت میں ایک محرک کی علامت ہے ۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ اونتی پورہ میں زیر تعمیر آل انڈیا انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنسز اونتی پورہ ایک فلیگ شپ پروجیکٹ ہے جس میں خطے کے صحت کے منظر نامے کی کایا پلٹ کرنے کی صلاحیت ہے ۔ وزیر صحت نے کل ایمز پروجیکٹ کے تعمیر کی جگہ کا دورہ کر کے متعلقہ عمل آوری ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ اس اہم پروجیکٹ کو وقت رہتے مکمل کرنے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائیں ۔

جاوید احمد رانا

جنگلات و ماحولیات ، قبائلی امور اور جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے سول سیکریٹریٹ جموں میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران عید الاضحی کی تقریب سعید کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں امور صارفین اور ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما ، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور انتظامیہ کے سینئر آفیسر موجود تھے ۔

حج

سعودی عرب کے شہر مکہ معظمہ میں آج سے مناسک حج کی ادائیگی کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ لاکھوں کی تعداد میں عازمین حج آج نماز فجر کے بعد
وادی

---

منیٰ کی طرف روانہ ہوگئے ہیں ۔ ایک رپورٹ کے ساتھ ہمارے نمائندے سید مبشر رفائی ۔ ۃ

Shaleen Kabra

محکمہ مالیات کے کمشنر Shaleen Kabra نے جموں کشمیر کے سینٹرل ریکارڈ روم میں کئی آن لائن خدمات کا آغاز کیا ، جن کا مقصد شہری خدمات میں اضافے کے علاوہ سرکاری پروگراموں تک عوام کی رسائی کو آسان بنانا ہے ۔لوگ محکمے کی مختلف خدمات تک jkrevenue.nic.in پر آن لائن رسائی حاصل کر سکتے ہیں ۔

مراتھن

ایم ایل اے سوپور ارشاد رسول کار نے نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سوپور میں یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کی طرف سے منعقد کردہ ایک مراتھن کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔ پروگرام میں قریب 6 سو طالب علموں نے حصہ لے کر منشیات کی لعنت کے خلاف جانکاری پیدا کرنے کی کوشش کی ، تاکہ ایک صحت مند زندگی اور معاشرے کی تعمیر یقینی بنائی جا سکے ۔

کرشی سنکلپ ابھیان

جمونو کشمیر میں وِکست کرشی سنکلپ ابھیان کے تحت بیداری سرگرمیوں کا انعقاد جا ری ہے۔15روزہ اس مہم کے دوران کسانوں کو زراعت کے جدید طور طریقوں اور سکیموں کے بارے میں جانکاری دی جا رہی ہے۔ ابھیان کی اہمیت کے بارے میں سکاسٹ جموں کے ڈائریکٹر ایکسٹنشن پروفیسر امرِیش وید نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

وفود

دہشت پسندی کے خلاف بھارت کے عزم کا پیغام دنیا تک پہنچانے کے لئے سبھی جماعتوں کے ارکان کے سات کُل جماعتی وفود کی سفارتی مہم اپنے آخری مرحلے میں داخل ہو گئی ہے ۔ تین وفود مختلف ممالک میں مہم چلانے کے بعد واپس ایم پی سنجے جھا کی قیادت والا وفد سنگا پور ، جاپان ، جنوبی کوریا ، ملیشیا اور انڈونیشیا کا JDU بھارت لوٹ آئے ہیں ۔ دورہ کرنے کے بعد واپس اپنے ملک پہنچ گیا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 اعشاریہ 8ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ